AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin

Dated : 10-10-2026

Time : 12:30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔ خبروں کا بلیٹن لیکر میں مشاہد حسین

وزیر اعظم

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے نوعمر لڑکیوں کی صحت، تغذیہ اور ہمہ گیر ترقی پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ وہ نئی دہلی میں خواتین اور بچوں کی ترقی سے متعلق دو روزہ قومی سربراہی اجلاس کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے عوامی شراکت داری کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے آنگن واڑی مراکز کو کمیونٹی کی شرکت کے مراکز کے طور پر فروغ دینے پر زور دیا۔

وزیر اعظم نے خواتین کی سلامتی، وقار اور بااختیاری کے بارے میں بچوں کی عمر کے مطابق تعلیمی ماڈیول تیار کرنے اور مختلف محکموں کے درمیان تال میل بڑھانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ اجلاس میں ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے وزراء اور اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں عالمی سطح کی صنعتوں کو اپنی جانب راغب کرنے کی تمام صلاحیتیں موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر کے نوجوان کافی ہنرمند ہیں اور اس خطے کے لوگوں کی طرز زندگی میں کافی بدلاؤ آیا ہے۔ انہوں نے جموں وکشمیر میں سرمایہ کاری کرنے والے تاجروں کو یقین دلایا کہ سرکار انہیں ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔

وہ آئی آئی ایم جموں میں منعقد کئے گئے جے اینڈ کے گلوبل **Capability** سینٹرس سَمِٹ **2026** سے ورچیول موڈ کے ذریعے خطاب کر رہے تھے۔

جموں وکشمیر سرکار اور **NASSCOM** کے مشترکہ اہتمام سے منعقد کئے گئے اس اجلاس میں عالمی سطح کے **3** سو سے زیادہ تاجر، صنعتکار، منصوبہ ساز اور ماہرین تعلیم شرکت کر رہے ہیں۔ اس اجلاس کا مقصد جموں وکشمیر کو ٹیکنالوجی اور صنعت کاری کے ایک اہم مرکز کے طور فروغ دینا ہے۔

ناصر اسلم

وزیرِ اعلیٰ کے مشیر ناصِر اسلم وانی نے 25 اکتوبر کو سرینگر میں منعقد ہونے والے کشمیر میراتھن میں ملک کے مختلف حصوں سے تعلق رکھنے والے ایتھلیٹس اور دوڑنے کے شوقین افراد کو شرکت کرنے کی دعوت دی ہے۔
حیدر آباد میں ٹراول اینڈ ٹورازم فیئر 2026 کے حاشیے پر ایک پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے حیدر آباد اور جنوبی بھارت کے دیگر خطوں کے لوگوں کو جموں وکشمیر کی سیر پر آنے اور یہاں کے قدرتی نظاروں سے لطف اندوز ہونے کا بھی مشورہ دیا۔
واضح رہے، جموں وکشمیر، ٹراول اینڈ ٹورازم فیئر میں ایک شراکت دار کے طور شرکت کر رہا ہے۔

منگرول

کوچی میں تیار کردہ 80 فیصد سے زیادہ دیسی ساز وسامان سے لیس آب دوز شکن جنگی جہاز 'منگرول' 12 اکتوبر کو ممبئی کے نیول ڈاک یارڈ میں بحریہ میں شامل کیا جائے گا جس سے بھارتی بحریہ کی صلاحیتوں میں مزید اضافہ ہوگا۔
تقریب کی صدارت مغربی بحری کمان کے سربراہ وائس ایڈمرل سنجے وتسائن کریں گے۔
یہ جہاز ساحلی علاقوں میں دشمن کی آبدوزوں کا سراغ لگانے اور ان کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

پولیس ردوبدل

جموں کشمیر انتظامیہ نے محکمہ پولیس میں بڑے پیمانے پر انتظامی ردوبدل کرتے ہوئے IPS اور JKPS کیڈر سے 100 پولیس افسران کے تبادلوں اور تقرریوں کے احکامات جاری کئے ہیں۔ حکمنامے کے مطابق تبادلوں اور تقرریوں کے احکامات فوری طور پر نافذ العمل ہونگے۔ تبدیل کئے گئے پولیس افسران میں متعدد ضلع پولیس سربراہ اور ایس ایس پیز خاص طور سے شامل ہیں۔

ڈاک ہفتہ

انڈیا پوسٹ کی جانب سے 15 اکتوبر تک قومی ڈاک ہفتہ منایا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں سرینگر میں منعقدہ ایک تقریب میں جموں کشمیر سرکل کے چیف پوسٹ ماسٹر جنرل ساگر ہنومان سنگھ نے کہا کہ محکمہ ڈاک دور دراز اور سرحدی علاقوں تک عوام کو ڈاک، بینکنگ، بیمہ اور دیگر ضروری خدمات فراہم کر رہا ہے۔
انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل سہولیات اور ڈاک گھر، نریات کیندر کے ذریعے مقامی دستکاروں اور چھوٹے کاروباریوں کو اپنی مصنوعات بین الاقوامی منڈیوں تک پہنچانے کی سہولیات بھی فراہم کی جا رہی ہیں۔

عالمی دن

آج عالمی یومِ ذہنی صحت ہے۔ یہ دن ہر سال 10 اکتوبر کو منایا جاتا ہے جس کا مقصد ذہنی صحت کی اہمیت کے بارے میں عوام میں بیداری پیدا کرنا اور ذہنی مسائل سے متاثرہ افراد کی مدد اور حوصلہ افزائی کرنا ہے۔

عالمی یومِ ذہنی صحت ہمیں یہ یاددہانی کراتا ہے کہ صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیے جسمانی صحت کے ساتھ ذہنی صحت کا خیال رکھنا بھی ضروری ہے۔

اس دن کی مناسبت سے آج ملک کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی کئی تقاریب اور ہیلتھ کیمپوں کا انعقاد کیا جارہا ہے۔

ڈی سی بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے ایک میٹنگ میں گریز اور تلیل وادیوں میں موسم سرما کے پیش نظر تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں ان علاقوں کے لوگوں کے لئے بلاخلل بنیادی سہولیات فراہم کرنے نیز برف صاف کرنے اور سڑک رابطوں کو بحال رکھنے پر غور کیا گیا۔

چمپئن شپ

بارہمولہ میں کل سے جموں وکشمیر کی بین ضلعی انڈر 17 لڑکوں کی فٹ بال چیمپئن شپ کا آغاز ہوا۔ اس ٹورنامنٹ میں 19 اضلاع کی ٹیمیں شرکت کررہی ہیں۔ ڈائریکٹوریٹ آف یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس جموں وکشمیر کے زیرِ اہتمام منعقدہ اس چیمپئن شپ کا افتتاح ایڈیشنل ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمشنر پرانجل ہزاریکا نے کیا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے نوجوان کھلاڑیوں پر زور دیا کہ وہ کھیل کے دوران نظم وضبط اور کھیل کے جذبے کو برقرار رکھیں۔ ٹورنامنٹ کے مقابلے پانچ مقامات پر لیگ کی بنیاد پر کھیلے جائیں گے۔ افتتاحی میچ میں میزبان بارہمولہ نے ڈوڈہ کو سات صفر سے شکست دی۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

اجازت دیجئے۔ خدا حافظ